گیس اور پیٹ
کے درد سے نجات
دھلوی
پاچک چٹنی
مزیدار اور ہاضم
Mfd. by The Makers of Dehlvi Remedies the formidable brand of
Dosage: 10gm aftermeal or as directed by the Physician
Sana Herbals (P) Ltd
238 F.I.E. Patparganj, Delhi-92 Customer Care:95550 94254
www.sanaherbals.com www.dehlviremedies.com Email: sanaherbals@gmail.com info@sanaherbals.com

www.roznamasahara.com @RoznamaRSahara @RoznamaRSahara
نئی دہلی•ممبئی•کولکاتا•لکھنؤ•گورکھپور•کانپور•پٹنہ•حیدرآباد•اور بنگلورو سے ایک ساتھ
روزنامہ راشٹریہ
سہارا
ROZNAMA RASHTRIYA SAHARA HYDERABAD
ہندوستان کا نمبر ایک قومی اردو اخبار
New Delhi•Mumbai•Kolkata
Lucknow•Gorakhpur•Kanpur
Patna•Hyderabad•Bengaluru
HYDERABAD: Tuesday, 23 April,2024 Pages: 08 ₹5 Vol:18 Issue : 201
○ حب الوطنی ○ فرض شناسی ○ ایثار | یعنی مکمل سچ |
حیدرآباد، منگل، 23/اپریل 2024، مطابق، 13/شوال المکرّم 1445ھ

مغربی بنگال میں 25 ہزار اساتذہ کے تقررات منسوخ

8 سال کی تنخواہ واپس کرنے کا حکم۔ اسکول سروس کمیشن کو نئی تقرری کا عمل شروع کرنے کلکتہ ہائی کورٹ کی ہدایت

کولکاتا، 22/اپریل۔ (ایجنسیز) کلکتہ ہائی کورٹ نے پیر کو 2016 میں ہوئیں اساتذہ کی بھرتی کو منسوخ کر دیا۔ اس کے علاوہ غیر قانونی تقرری پر کام کرنے والے اساتذہ سے گزشتہ 7 سے 8 سال کے دوران وصول کی گئی تنخواہ واپس لینے کی بھی ہدایات دی گئیں۔ جسٹس دیوانگشو بساک اور جسٹس شبر رشیدی کی بنچ نے کہا کہ کینسر متاثرہ سوما داس کی نوکری محفوظ رہے گی۔ مغربی بنگال اسکول سروس کمیشن (WBSSC) نئی تقرری کا عمل شروع کرے۔ وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی نے ہائی کورٹ کے حکم کو غیر قانونی قرار دیا ہے۔ ہم ان لوگوں کے ساتھ کھڑے ہوں گے، جنہوں نے اپنی ملازمتیں کھو دی ہیں۔ بی جے پی لیڈر عدلیہ کے فیصلوں پر اثر انداز ہو رہے ہیں۔ ہم اس فیصلے کیخلاف سپریم کورٹ جائیں گے۔ حکومت مغربی بنگال نے 2014 میں WBSSC کے ذریعہ سرکاری اور امداد یافتہ اسکولوں کے لیے تدریسی اور غیر تدریسی عملہ بھرتی کیا۔ تب 23 لاکھ سے زیادہ لوگوں نے 24640 خالی اسامیوں کے لیے بھرتی کا امتحان دیا تھا۔ اس بھرتی میں 5 سے 15 لاکھ روپے رشوت لینے کے الزامات ہیں۔ اس معاملے میں کلکتہ ہائی کورٹ میں کئی شکایتیں موصول ہوئی تھیں۔ سی بی آئی نے ریاست کے سابق وزیر تعلیم پارتھ چٹرجی، ان کی قریبی معاون ماڈل ارپیتا مکھرجی اور ایس ایس سی کے کچھ عہدیداروں کو بھرتی میں بے ضابطگیوں کے سلسلے میں گرفتار کیا تھا۔ ممتا بنرجی کی حکومت نے 2014 میں اساتذہ کی بھرتی کی تھی۔ اس کا عمل 2016 میں مکمل ہوا تھا۔ پارتھ چٹرجی اس وقت ریاست کے وزیر تعلیم تھے۔ درخواست گزاروں نے الزام لگایا کہ جن امیدواروں کے نمبر کم تھے، انہیں میرٹ لسٹ میں زیادہ نمبر دیا گیا۔ کچھ امیدواروں کو نوکریاں دی گئیں، حالانکہ ان کا نام میرٹ لسٹ میں نہیں تھا۔ عرضی گزاروں نے دعویٰ کیا کہ کچھ ایسے امیدواروں کو نوکریاں دی گئیں جنہوں نے ٹی ای ٹی کا امتحان بھی پاس نہیں کیا تھا، جبکہ ریاست میں اساتذہ کی بھرتی کے لیے ٹی ای ٹی امتحان پاس کرنا لازمی ہے۔

اسی طرح 2016 میں ریاست میں ایس ایس سی کے ذریعہ گروپ ڈی کی 13 ہزار بھرتیوں کے بارے میں شکایات موصول ہوئی تھیں۔ ان تمام درخواستوں پر سماعت کرتے ہوئے ہائی کورٹ نے سی بی آئی جانچ کا حکم دیا تھا۔ اس کے بعد ای ڈی نے اساتذہ کی بھرتی اور عملہ کی بھرتی کے معاملے میں منی ٹریل کی جانچ شروع کی تھی۔ سی بی آئی نے 18 مئی کو اس معاملے میں پارتھ چٹرجی سے بھی پوچھ گچھ کی تھی۔ ای ڈی نے 23 جولائی 2022 کو پارتھ کو کولکاتا میں ان کی سرکاری رہائش گاہ سے ٹیچر بھرتی گھوٹالہ میں منی لانڈرنگ کے الزام میں گرفتار کیا تھا۔ پارتھ پر وزیر رہنے کے دوران نوکری دینے کے بدلے غلط طریقے سے پیسے لینے کا الزام ہے۔ پارتھ کی گرفتاری کے 5 دن بعد ممتا بنرجی نے انہیں کابینہ سے برطرف کر دیا تھا۔

ہائی کورٹ کے فیصلے کو سپریم کورٹ میں چیلنج کیا جائیگا، ممتا بنرجی کا اعلان

کولکاتا، 22/اپریل۔ (ایجنسیز) وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی نے کلکتہ ہائی کورٹ کے فیصلے کی وجہ سے نوکریوں سے ہاتھ دھونے والے اساتذہ کے ساتھ کھڑے ہونے کا پیغام دیتے ہوئے کہا کہ عدالت کے فیصلے کو چیلنج کرتے ہوئے سپریم کورٹ جائیں گے۔ انہوں نے یہ بھی دعویٰ کیا کہ یہ فیصلہ غیر قانونی ہے۔ اس کے علاوہ، ترنمول لیڈر نے فیصلے کا ذکر کیے بغیر ریاستی اپوزیشن لیڈر شوبھندو ادھیکاری پر بھی تنقید کی۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ عدالت نے پیر کو جو فیصلہ دیا، اس کا انہیں کیسے پتہ چل گیا؟ کیا انہوں نے فیصلہ لکھا ہے؟ انہوں نے اسے بی جے پی کا کورٹ ہاؤس کہہ کر تنقید بھی کی۔ ممتا بنرجی نے رائے گنج کے چکولیا میں ترنمول کانگریس کے امیدوار کرشنا کلیانی کے لیے مہم چلائی۔ انہوں نے ایس ایس سی کیس پر ہائی کورٹ کے فیصلے کے بارے میں بات کی۔ شوبھندو ادھیکاری نے بم دھماکے کی وارننگ کا معاملہ اٹھایا۔ شوبھندو ادھیکاری نے کہا کہ ''بم پھٹ گیا، بم؟ 26 ہزار اساتذہ نوکریوں سے ہاتھ دھو بیٹھیں گے۔ انہوں نے یہ سوال بھی اٹھایا کہ شوبھندو ادھیکاری کو سنیچر کو پیر کے فیصلے کے بارے میں کیسے پتہ چل گیا۔ شوبھندو ادھیکاری نے گزشتہ ہفتے کو دعویٰ کیا تھا کہ اس ہفتے بم گرنے والا ہے! اگرچہ کوئی تاریخ نہیں دی گئی، اپوزیشن پارٹی کے لیڈر نے دعویٰ کیا کہ ترنمول اگلے ہفتے کے ''بم'' میں' ختم ہوجائے گی۔

منی پور: 11 پولنگ اسٹیشنوں پر دوبارہ پولنگ، تصویر میں مسلم علاقہ میں واقعہ پولنگ بوتھ پر مسلم خواتین قطار میں اپنی باری کے منتظر۔ یاد رہے کہ 9/اپریل کو شرپسندوں کے ووٹروں کو دھمکانے، الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں (ای وی ایم) کو تباہ کرنے اور گولی باری سے بھڑکے تشدد کے بعد از منی پور پارلیمانی حلقہ کے تحت 11 پولنگ اسٹیشنوں پر پیر کو دوبارہ پولنگ کرائی گئی۔

کجریوال کو ضمانت کی درخواست 75 ہزار جرمانہ کیساتھ خارج

نئی دہلی، 22/اپریل۔ (ایجنسیز) دہلی ہائی کورٹ نے پیر کے دن قانون کے ایک طالبِ علم کی درخواستِ مفادِ عامہ 75 ہزار روپے جرمانہ عائد کرتے ہوئے خارج کر دی جس میں چیف منسٹر دہلی اروند کجریوال کو ''غیر معمولی عبوری ضمانت'' دینے کی گزارش کی گئی تھی۔ اروند کجریوال مبینہ آبکاری اسکام سے جڑے منی لانڈرنگ کیس میں عدالتی تحویل میں ہیں۔ بنچ نے ریمارک کیا کہ درخواست پوری طرح غلط ہے اور عدالت اعلیٰ عہدہ پر فائز کسی شخص کو غیر معمولی عبوری ضمانت نہیں دے سکتی۔ بنچ میں شامل دوسرے جج من میت پی ایس اروڑہ نے پوچھا کہ آیا درخواست گزار کالج میں کلاسس اٹنڈ کر رہا ہے؟ وہ قانون کے اصول پر عمل نہیں کر رہا ہے۔ عدالت نے ریمارک کیا کہ عام آدمی پارٹی قائد کے پاس قانونی چارہ جوئی کے ذرائع موجود ہیں اور درخواست گزار کے پاس پاور آف اٹارنی نہیں ہے کہ وہ کجریوال کی طرف سے عدالت سے کوئی درخواست کرے۔ عدالت نے کہا کہ تم کون ہوتے ہو؟ کیا تم یہ حلف نامہ دے سکتے ہو کہ کجریوال ضمانت پر رہائی کے بعد گواہوں پر اثر انداز نہیں ہوں گے؟۔ عدالت نے کہا کہ درخواست 75 ہزار روپے جرمانہ کے ساتھ خارج کی جاتی ہے۔ سینئر وکیل راہول مہرہ نے جو کجریوال کی طرف سے پیش ہوئے' کہا کہ درخواست گزار کو ایسی درخواست داخل کرنے کا کوئی اختیار نہیں ہے۔

مسلم خواتین کو تحفظات فراہم کئے جائیں

حلقہ لوک سبھا کشن گنج امیدوار کا انتخابی جلسہ، بیرسٹر اویسی کا خطاب

کشن گنج (بہار)، 22/اپریل۔ (ایجنسیز) صدر مجلس اسدالدین اویسی نے پارلیمنٹ میں اقلیتی فرقہ کی خواتین کی انتہائی کم نمائندگی کا مسئلہ اٹھاتے ہوئے مسلم خواتین کیلئے کوٹہ فراہم کرنے کا پرزور مطالبہ کیا۔ بہار کے حلقہ لوک سبھا کشن گنج جو ریاست میں واحد مسلم اکثریتی حلقہ ہے جہاں سے ریاستی صدر اے آئی ایم ایم و رکن اسمبلی اختر الایمان انتخابی مقابلہ کر رہے ہیں ایک انتخابی ریالی کو مخاطب کرتے ہوئے حیدرآباد کے رکن پارلیمنٹ نے یہ خیال ظاہر کیا۔ سابق لیڈر حمیرہ عزیز مرحومہ کا حوالہ دیتے ہوئے اویسی نے کہا کہ سیاست میں خواتین کی شراکت کے خلاف ہونے کا مجلس پر بی جے پی اور آر ایس ایس جھوٹا الزام عائد کر رہے ہیں اور کہا کہ سکندرآباد حلقہ سے انہوں نے ایک خاتون امیدوار کو کھڑا کیا ہے۔ کل ریالی کو مخاطب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آزادی کے بعد ملک میں لوک سبھا کے 17 انتخابات منعقد ہوئے لیکن صرف تقریباً 20 مسلم خواتین رکن پارلیمنٹ منتخب ہوئیں۔ اسلئے کیوں نہ مسلم خواتین کیلئے کوٹہ مقرر کیا جائے۔ اویسی جو لندن میں موجود لنکنس ان سے فارغ التحصیل ہیں اور اپنے نام سے پہلے بیرسٹر جوڑنا چاہتے ہیں نے لوک سبھا میں نریندر مودی حکومت کی جانب سے پیش کردہ ناری شکتی وندن ادھینیم قرارداد میں ایک ترمیم پیش کرنے مخالفت کا سامنا کرنے کی یاد دہانی کی۔ اسپیکر اوم برلا نے ان سے کہا تھا کہ آپ ایک ترمیم پیش کرنا چاہتے ہیں جس کی تائید کرنے کوئی بھی نہیں ہے تو انہوں نے جواب دیا کہ اللہ ان کے ساتھ ہے۔ سوشل میڈیا پر لوک سبھا میں اس وقت جاری کاروائی کا کلپ اویسی کی تقریر کے دوران پارٹی کی جانب سے پیش کیا گیا۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ ان کی تقریر کی حمایت کئی دیگر پسماندہ طبقات کی تنظیموں کی جانب سے کی گئی۔

دو برسوں میں نکسل ازم کو جڑ سے اکھاڑ پھینکیں گے: امیت شاہ

جگدلپور، 22اپریل (یو این آئی) مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج کہا کہ جب تک نکسل واد موجود ہے، سکھ اور سہولیات نہیں پہنچ سکتیں اور اگر نکسلی ہتھیار ڈالنے پر راضی نہیں ہوتے ہیں، تو انہیں معلوم ہونا چاہیئے کہ دو سال میں نکسل ازم کو جڑ سے اکھاڑ پھینکا جائے گا۔ مسٹر شاہ بستر ڈویژن کے کانکیر لوک سبھا حلقہ سے بھارتیہ جنتا پارٹی کے امیدوار بھوجراج ناگ کے حق میں انتخابی مہم کے دوران ایک میٹنگ سے خطاب کر رہے تھے۔ اس دوران انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کو تیسری بار وزیر اعظم بنانا ہے، تاکہ ہندوستان دنیا کی تیسری معیشت بن جائے۔ پچھلے دس برسوں میں ملک میں بڑی تبدیلی آئی ہے۔ کانگریس کو نشانہ بناتے ہوئے انہوں نے کہا کہ رام مندر کے افتتاح کے موقع پر کانگریس کو دعوت نامہ بھیجا گیا تھا، لیکن وہ رام کے دربار میں نہیں آئے۔ مسٹر شاہ نے کہا کہ کانگریس کے صدر ملک ارجن کھڑگے کہتے ہیں کہ کشمیر کا دوسری ریاستوں سے کیا لینا دینا، وہ نہیں جانتے کہ چھتیس گڑھ کا ہر بچہ کشمیر کے لیے اپنی جان قربان کر سکتا ہے۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ وزیر اعظم مودی اسی طرح نکسل ازم کو ختم کر رہے ہیں جس طرح انہوں نے دہشت گردی کو ختم کیا۔ پچھلے چار مہینوں میں 90 سے زیادہ نکسلی مارے گئے اور 250 نے خود سپردگی کی۔ دو سال کے اندر چھتیس گڑھ سے نکسلائٹس کو جڑ سے اکھاڑ پھینکا جائے گا۔ انہوں نے باقی نکسلیوں کو ہتھیار ڈالنے کا مشورہ دیا اور انہیں خبردار کیا کہ بصورت دیگر وہ لڑائی کے لئے تیار رہیں۔ انہوں نے کہا کہ پانی، جنگل اور زمین کی حفاظت کے ساتھ ساتھ وزیر اعظم مودی قبائلیوں کے احترام کی ضمانت بھی دیتے ہیں۔ وسائل پر پہلا حق قبائلیوں اور غریبوں کا ہے، لیکن کانگریس کی سوچ اس سے مختلف ہے۔

ہبلی قتل کیس: نیہا ہیرے متھ کے والد، تحقیقات سے غیر مطمئن

ہبلی، 22/اپریل۔ (ایجنسیز) کرناٹک میں ہبلی قتل کی شکار نیہا ہیرے متھ کے والد اور ریاست میں حکمراں کانگریس کے کونسلر نرنجن ہیرے متھ نے اپنی بیٹی کے قتل کی تحقیقات پر عدم اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ میں نے پولیس کو اس واقعہ میں کھلے عام ملوث آٹھ افراد کے نام بتائے ہیں۔ اس کے باوجود اب تک ایک بھی گرفتاری عمل میں نہیں آئی ہے۔ میرا موجودہ تفتیشی عمل پر سے اعتماد ختم ہو رہا ہے۔ "اپنی مایوسی کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے مقامی حکام پر کیس کو توڑ مروڑ کی کوشش کرنے کا الزام لگایا اور مطالبہ کیا کہ اگر مقامی پولیس پیش رفت کرنے میں ناکام رہی تو تحقیقات کو مرکزی تفتیشی بیورو کے حوالے کیا جائے۔ اس کیس کو سنبھالنے والی پولیس کمشنر ایک خاتون ہیں، اس کے باوجود وہ ایک نوجوان خاتون کے قتل کو نظر انداز کر رہی ہیں۔ مجھے شبہ ہے کہ وہ کسی دباؤ میں کام کر رہی ہیں۔" مسٹر ہیرے متھ نے کیس کو سنبھالنے میں مبینہ طور پر لاپروائی کی وجہ سے پولیس کمشنر کے فوری تبادلے کا بھی مطالبہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ ''میں مطالبہ کرتا ہوں کہ اس کیس کو منصفانہ اور مکمل تحقیقات کے لیے سی بی آئی کے حوالے کیا جائے۔'' مسٹر ہیرے متھ ہبلی دھارواڑ میونسپل کارپوریشن کے کانگریسی کونسلر ہیں۔ ان کی بیٹی نیہا کو اس کے اپنے ہم جماعت فیاض نے اس کے کالج کیمپس میں چاقو سے وار کر کے قتل کر دیا تھا۔

سی اے اے، ملک کے سیکولر اقدار کیخلاف

متنازعہ قانون پر چیف منسٹر پنارائی وجین کی تنقید

کنور (کیرالا)، 22/اپریل۔ (ایجنسیز) چیف منسٹر کیرالا پنارائی وجین نے آج کہا کہ دنیا میں کوئی بھی مہذب ملک مذہب کی بنیاد پر شہریت عطا نہیں کرتا اور کہا کہ بی جے پی زیر قیادت مرکزی حکومت کا متنازعہ شہریت (ترمیم) قانون ملک کے سیکولر اقدار کیخلاف ہے۔ جب کوئی بھی سی اے اے کیخلاف اور سیکولرازم کے تحفظ کیلئے احتجاج کرنے پیشرفت کیا۔ کانگریس نے بی جے پی حکومت کے اقدام کیخلاف کوئی قابل لحاظ احتجاج نہیں کیا۔ ریاست میں جبکہ لوک سبھا انتخابات کیلئے صرف چار دن باقی رہ گئے ہیں وجین نے کیرالا کے شمالی ضلع کے مقام مٹنور میں ایک انتخابی جلسہ کو مخاطب کرتے ہوئے ان خیالات کا اظہار کیا۔ وجین نے کہا کہ کسی بھی ملک میں پناہ گزینوں کو مذہب کے خطوط پر تقسیم نہیں کیا جاتا۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ ہندوستان شہریت کا فیصلہ کرنے مذہب کو بنیاد بنا کر ملک کے سیکولر اقدار کو تباہ کر رہا ہے۔ وجین نے مزید الزام عائد کیا کہ کمیونسٹ پارٹیوں کے بشمول کئی قومی قائدین جبکہ نئی دہلی میں سی سی اے کے خلاف احتجاج کرنے کیلئے گرفتار کئے گئے۔ ان میں کوئی بھی کانگریس لیڈر شامل نہیں تھا۔ چیف منسٹر نے کانگریس زیر قیادت یو ڈی ایف کے 18 ارکان پارلیمنٹ پر الزام عائد کیا کہ قومی دارالحکومت میں جبکہ سی اے اے کیخلاف شدید ترین احتجاج جاری تھا وہ پارٹی صدر کی جانب سے منعقدہ ضیافت میں شریک تھے۔

چار ریاستوں میں 'ہیٹ ویو' الرٹ

نئی دہلی، 22/اپریل۔ (ایجنسیز) محکمہ موسمیات نے آج ملک کی 4 ریاستوں کیلئے ہیٹ ویو الرٹ جاری کیا ہے۔ ان میں بہار، اتر پردیش، اوڈیشہ اور مغربی بنگال شامل ہیں۔ ان ریاستوں کے ساتھ ساتھ چھتیس گڑھ، مدھیہ پردیش، جھارکھنڈ، تلنگانہ، آندھرا پردیش اور تمل ناڈو کے کئی اضلاع میں اتوار کو درجہ حرارت 42 ڈگری کو عبور کر گیا۔ مشرقی سنگھ بھوم، جھارکھنڈ کے بہرا گوڑا میں سب سے زیادہ 46.0 ڈگری سیلسیس درجہ حرارت ریکارڈ کیا گیا۔ دوسری طرف اوڈیشہ کے کچھ اضلاع میں درجہ حرارت 43 ڈگری کے قریب ہے۔ ہیٹ ویو کی وجہ سے اسکولوں کے اوقات میں تبدیلی کی گئی ہے۔ آج سے 24 اپریل تک، اوڈیشہ میں تمام اسکول صبح 6.30 سے 10.30 تک ہی کھل رہے ہیں۔

غیر معمولی حالات میں 30 ہفتوں کے حمل کو اسقاط کی اجازت

عصمت ریزی کی شکار نابالغ کی ذہنی اور جسمانی صحت پر اثر پڑ سکتا ہے۔ سپریم کورٹ کا فیصلہ

نئی دہلی، 22/اپریل۔ (ایجنسیز) سپریم کورٹ نے عصمت دری کی شکار 14 سالہ لڑکی کو تقریباً 30 ہفتے کے حمل میں اسقاط حمل کرانے کی اجازت دے دی ہے۔ سپریم کورٹ نے پیر (22 اپریل) کو ممبئی کے لوک مانیہ تلک اسپتال کو اسقاط حمل کے فوری انتظامات کرنے کا حکم دیا۔ سپریم کورٹ نے اس معاملے میں 19 اپریل کو فوری سماعت کی تھی، جس میں عدالت نے لڑکی کا طبی معائنہ کرانے کا حکم دیا تھا۔ آج صبح ساڑھے 10 بجے اسپتال نے سپریم کورٹ میں اپنی رپورٹ داخل کی۔ چیف جسٹس ڈی وائی چندر چوڑ اور جسٹس جے بی پاردی والا کی بنچ نے حکم سناتے ہوئے کہا کہ ہم اسقاط حمل کی اجازت دے رہے ہیں کیونکہ یہ ایک غیر معمولی معاملہ ہے۔ متاثرہ کے لیے ہر گھنٹہ اہم ہے۔ بنچ نے کہا کہ میڈیکل رپورٹ میں واضح طور پر کہا گیا ہے کہ حمل جاری رکھنے سے متاثرہ کی ذہنی اور جسمانی صحت پر اثر پڑیگا۔ حالانکہ رپورٹ میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ اسقاط حمل کروانے میں کچھ خطرہ ہے لیکن حمل جاری رکھنے میں اس سے بھی بڑا خطرہ ہے۔ دراصل نابالغہ کی ماں نے پہلے بامبے ہائی کورٹ میں عرضی دائر کی تھی۔ 4 اپریل کو بمبئی ہائی کورٹ نے نابالغہ کو اسقاط حمل کی اجازت نہیں دی۔ اس کے بعد لڑکی کی ماں نے سپریم کورٹ میں درخواست دائر کی تھی۔ سپریم کورٹ نے 19 اپریل کو ہائی کورٹ کے فیصلے کو مسترد کرتے ہوئے نابالغ کے میڈیکل چیک اپ کا حکم دیا تھا۔ اس معاملے میں آئی پی سی کی دفعہ 376 اور پوکسو ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ سی جے آئی چندر چوڑ کی بنچ نے پچھلی سماعت میں کہا تھا کہ جنسی زیادتی کے بارے میں بامبے ہائی کورٹ نے جس میڈیکل رپورٹ پر بھروسہ کیا، وہ نابالغ متاثرہ کی جسمانی اور ذہنی حالت کا اندازہ لگانے میں ناکام رہی ہے۔ بنچ نے پچھلی سماعت میں ہدایت دی تھی کہ مہاراشٹر حکومت درخواست گزار اور اس کی نابالغ بیٹی کو حفاظت کے ساتھ اسپتال لے جانا طے کرے۔ تحقیقات کے لیے تشکیل کردہ میڈیکل بورڈ اس بات پر بھی رائے دے کہ آیا نابالغ کی جان کو خطرے میں ڈالے بغیر اسقاط حمل کیا جاسکتا ہے۔ یہی میڈیکل رپورٹ آج عدالت میں پیش کی گئی، جس کی بنیاد پر فیصلہ سنایا گیا۔

پروفیسر نعیمہ خاتون، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کی نئی وائس چانسلر

علی گڑھ، 22/اپریل۔ (ایس این بی) علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں پروفیسر نعیمہ خاتون کو یہاں کا وائس چانسلر بنایا گیا ہے۔ یہ یونیورسٹی کی تاریخ میں پہلی بار ہے جب کسی خاتون کو اس اعلیٰ عہدے پر مقرر کیا گیا ہے۔ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کی 103 سالہ تاریخ میں پہلی بار کسی خاتون کو وائس چانسلر بنایا گیا ہے۔ یونیورسٹی کے نئے وائس چانسلر کے انتخاب کے سلسلے میں ایک پینل بنایا گیا تھا، اس پینل میں پروفیسر نعیمہ خاتون بھی شامل تھیں۔ پینل نے ان کے نام پر ہی مہر لگا دی اور ان کا نام آگے بڑھا دیا۔

گوکیش نے شطرنج کا عالمی مقابلہ جیت کر تاریخ رقم کی

ٹورنٹو، 22/اپریل۔ (ایجنسیز) ہندوستانی گرینڈ ماسٹر ڈی گوکیش نے کینڈیڈیٹس چیس ٹورنامنٹ میں امریکی شطرنج کھلاڑی ہیکارو ناکمورا کے خلاف اہم ڈرا کھیل کر 14 میں سے نو پوائنٹس حاصل کر کے عالمی شطرنج کا خطاب جیت لیا۔ اس جیت کے ساتھ، گوکیش عالمی ٹائٹل کے لئے سب سے کم عمر چیلنجر بن گئے ہیں، جنہوں نے 40 سال پہلے کے گیری کاسپروف کا ریکارڈ توڑ دیا۔ وہ کینڈیڈیٹس شطرنج ٹورنامنٹ جیتنے والے سب سے کم عمر کھلاڑی بھی بن گئے۔ 17 سالہ گوکیش نے 14 ویں اور آخری راؤنڈ میں امریکی ہیکارو ناکمورا کے ساتھ آسان ڈرا کھیلا اور 14 میں سے نو پوائنٹس کے ساتھ ٹورنامنٹ ختم کیا۔ فیصلہ کن فائنل راؤنڈ میں، گوکیش نے ناکمورا کو بلیک پیسز کے ساتھ ڈرا کر کے اسٹیج کے لئے اپنی تیاری دکھائی۔ ملکہ کے گیمبٹ میں ناکمورا کی کوششوں کے باوجود، گوکیش نے کنٹرول برقرار رکھا، بالآخر جیت گیا۔ ٹائٹل جیتنے کے بعد گوکیش نے کہا، 'میں بہت مطمئن اور بہت خوش محسوس کر رہا ہوں۔ میں اس تفریحی کھیل سے لطف اندوز ہوا۔ مجھے اس میں کامیابی ملی۔'' اس ٹائٹل کے ساتھ گوکیش کو 88,500 یورو (تقریباً 78.5 لاکھ روپے) کا نقد انعام دیا گیا۔ کنڈیڈیٹس ٹورنامنٹ کی کل انعامی رقم پانچ لاکھ یورو ہے۔

میانمار میں جھڑپیں: ہزاروں روہنگیا مسلمان بنگلہ دیشی سرحد پر پہنچ گئے

ینگون، 22/اپریل۔ (ایجنسیز) میانمار میں بڑھتی جھڑپوں کے باعث ہزاروں روہنگیا مسلمانوں نے بنگلہ دیش اور میانمار کی سرحد پر بہنے والے دریائے ناف کے قریب پناہ لے رکھی ہے۔ بنگلہ دیش کے کاکس بازار کے مہاجر کیمپ کے لیڈر محمد نور ہاشم نے اس حوالے سے بتایا ہے کہ میانمار میں بڑھتی کشیدگی اور جھڑپوں کے باعث ہزاروں روہنگیا مسلمان نے دریائے ناف کے قریب پناہ لے رکھی ہے۔ ہاشم نے بتایا کہ دو سو کے لگ بھگ افراد بنگلہ دیش کی سرحد عبور کرتے ہوئے کاکس بازار کے مہاجر کیمپ پہنچ گئے ہیں، میانمار میں فوجی جنتا اور دیگر مسلح گروہوں کے درمیان جھڑپوں میں شدت آچکی ہے۔ ایک دیگر روہنگیا مسلمان محمد رضوان خان نے بتایا ہے کہ تقریباً ایک ہزار مسلمان اس وقت جنوب مشرقی سرحد پر جمع ہیں۔

کرناٹک میں ہندو خاتون پر تبدیلی مذہب کیلئے دباؤ ڈالنے پر مسلم جوڑے سمیت 7 افراد کیخلاف مقدمہ درج

بیلگاوی، 22/اپریل۔ (ایجنسیز) کرناٹک میں ایک مسلم جوڑے سمیت سات افراد پر ایک شادی شدہ ہندو خاتون کو مذہب تبدیل کرنے کے لئے مجبور کرنے کا الزام لگایا گیا ہے۔ تمام ملزمان نے مبینہ طور پر خاتون کو دھمکی دی تھی کہ اگر اس نے ان کی بات نہ مانی تو وہ اس کی تصاویر وائرل کر دیں گے۔ متاثرہ کی شکایت کی بنیاد پر سوندتی میں سات لوگوں کے خلاف ایف آئی آر درج کی گئی ہے۔ ان کیخلاف تعزیرات ہند کی مختلف دفعات اور مختلف قوانین کے تحت معاملہ درج کیا گیا ہے جن میں کرناٹک پروٹیکشن آف رائٹ ٹو فریڈم آف ریلیجن ایکٹ، آئی ٹی ایکٹ کی متعلقہ دفعات، ایس سی/ایس ٹی ایکٹ اور تعزیرات ہند کی دفعات شامل ہیں۔ ان کے خلاف الزامات میں عصمت دری، اغوا، غلط طریقہ سے قید کرنا اور مجرمانہ دھمکیاں شامل ہیں۔ متاثرہ ہندو خاتون کا کہنا ہے کہ وہ شادی شدہ ہے۔ مرکزی ملزم رفیق نے اپنی بیوی کے سامنے اس کی عصمت دری کی اور اسے ماتھے پر 'کم کم' لگانے سے روکتے ہوئے اسے برقع پہننے پر مجبور کیا۔ جوڑے نے مبینہ طور پر خاتون کو دھوکہ دیا، اس کے ساتھ جنسی تعلقات قائم کیے اور فحش تصاویر کھینچیں، جو بعد میں اسے مذہبی تبدیلی کیلئے بلیک میل کرنے استعمال کی گئیں۔

مالدیپ میں صدر محمد معیزو کی زبردست جیت

مالے، 22/اپریل۔ (ایجنسیز) مالدیپ کے پارلیمانی انتخابات میں محمد معیزو کی پارٹی 'پی این سی' کو بڑی کامیابی ملی ہے جبکہ حزب اختلاف کی جماعت 'ایم ڈی پی' کو مایوسی ہوئی ہے۔ اطلاعات کے مطابق ایسا مانا جارہا ہے کہ مالدیپ کے لوگوں نے ایک بار پھر ہندوستان مخالف معیزو کو پسند کیا ہے۔ مالدیپ کی 93 نشستوں والی پارلیمنٹ میں پی این سی کو 66 نشستیں حاصل ہوئی ہیں، جبکہ معیزو کی پارٹی کو مالے میں ہونے والے حالیہ میئر کے انتخابات میں عبرتناک شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ دراصل 20 ویں عوامی مجلس کیلئے پولنگ اتوار کو مقامی وقت کے مطابق صبح 8 بجے سے شام ساڑھے 5 بجے تک ہوئی۔ کل 93 نشستوں پر پولنگ ہوئی۔

لکھیم پور کھیری کیس: آشیش مشرا پر ضمانت کی شرائط کی خلاف ورزی کا الزام

نئی دہلی،، 22/اپریل۔ (ایجنسیز) لکھیم پور کھیری معاملے میں سپریم کورٹ نے مرکزی ملزم آشیش مشرا ٹینی کو لے کر سخت ریمارکس دیے ہیں۔ عدالت کا کہنا ہے کہ اگر آشیش مشرا ٹینی جسمانی طور پر مختلف پروگراموں میں حصہ لے رہے ہیں تو یہ ضمانت کی شرائط کی خلاف ورزی ہے۔ واضح رہے کہ مرکزی وزیر اجے کمار مشرا کے بیٹے آشیش مشرا ٹینی لکھیم پور کھیری تشدد کیس کے اہم ملزمین میں سے ایک ہیں۔ سپریم کورٹ نے پیر کو کہا کہ اگر آشیش مشرا جسمانی طور پر سیاسی پروگراموں میں شرکت کر رہے ہیں تو یہ ان کی ضمانت کی شرائط کی خلاف ورزی ہوگی۔ سپریم کورٹ نے متاثرین کی طرف سے پیش ہونے والے وکیل پرشانت بھوشن سے کہا کہ وہ اپنے الزامات کو ثابت کرتے ہوئے حلف نامہ داخل کریں۔ اس سے قبل سپریم کورٹ نے اس واقعہ کو 'بدقسمتی اور خوفناک واقعہ' قرار دیا تھا اور آشیش مشرا سے کہا تھا کہ وہ ضمانت کے دوران اتر پردیش یا دہلی میں نہ رہیں۔ پرشانت بھوشن نے الزام لگایا کہ آشیش مشرا ٹینی اتر پردیش میں سیاسی پروگراموں میں شرکت کر رہے ہیں اور ایک حالیہ پروگرام میں سائیکلیں تقسیم کر رہے تھے۔ اس کے جواب میں جسٹس سوریہ کانت اور پی ایس نرسمہا کی بنچ نے سخت تبصرہ کیا اور کہا کہ اگر ٹینی مختلف پروگراموں میں جسمانی طور پر شرکت کر رہے ہیں تو یہ یقینی طور پر ضمانت کی خلاف ورزی ہے۔ پرشانت بھوشن نے کہا کہ مشرا کی طرف سے سپریم کورٹ کی طرف سے مقرر کردہ ضمانت کی شرائط کی خلاف ورزی کی جارہی ہے، جبکہ وہ صرف مقدمے کی سماعت کے لیے اتر پردیش میں داخل ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آشیش مشرا نے حال ہی میں اتر پردیش میں سائیکلیں تقسیم کر کے مختلف پروگراموں میں حصہ لیا اور اس سلسلے میں جلد ہی ایک حلف نامہ اور دستاویزات داخل کئے جائیں گے۔ دوسری طرف آشیش مشرا ٹینی کی طرف سے پیش ہونے والے ایڈووکیٹ سدھارتھ دوے نے سپریم کورٹ میں دلیل کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ ٹینی اتنے بے وقوف نہیں ہیں کہ اس طرح ضمانت کی شرائط کی خلاف ورزی کریں۔

حلقہ لوک سبھا سورت سے بی جے پی امیدوار بلا مقابلہ منتخب

نئی دہلی، 22/اپریل۔ (ایجنسیز) گجرات کی سورت لوک سبھا سیٹ سے بی جے پی امیدوار مکیش دلال بلا مقابلہ جیت گئے ہیں۔ دراصل یہاں سے کانگریس امیدوار نیلیش کمبھانی کا پرچہ نامزدگی منسوخ کر دیا گیا تھا۔ اس کے پرچے میں گواہوں کے نام اور دستخط میں غلطی تھی۔ اس کے بعد گزشتہ روز 7 آزاد امیدواروں نے اپنے کاغذات نامزدگی واپس لے لیے تھے۔ صرف بی ایس پی امیدوار پیارے لال بھارتی ہی بچے تھے جنہوں نے پیر کو اپنا نامزدگی واپس لے لیا تھا۔ اس طرح مکیش دلال بلا مقابلہ امیدوار رہ گئے۔

مختصر خبریں

ایران سے 9 سال بعد پہلا گروپ عمرہ کیلئے روانہ

تہران، 22/اپریل۔ (ایجنسیز) ایران اور سعودی عرب کے سفارتی تعلقات کی بحالی کے بعد ایران سے 9 سال بعد پہلا گروپ عمرہ ادائیگی کے لیے سعودی عرب روانہ ہوگیا۔ خبر ایجنسی کے مطابق عمرہ کی ادائیگی پر جانے والا ایرانی گروپ 85 معتمرین پر مشتمل ہے۔ ایرانی میڈیا نے دسمبر 2023 میں رپورٹ کیا تھا کہ سعودی عرب نے عمرہ کرنے کے خواہش مند ایرانیوں پر عائد پابندیاں ختم کر دی ہیں لیکن تہران کی جانب سے 'تکنیکی مسائل' کی وجہ سے پروازیں اب تک تاخیر کا شکار ہیں۔ واضح رہے کہ سعودیہ ایران سفارتی تعلقات گزشتہ سال مارچ میں چین کی ثالثی میں بحال ہوئے تھے۔

سال 2022 میں 65 ہزار ہندوستانیوں کو امریکی شہریت

واشنگٹن، 22/اپریل۔ (ایجنسیز) امریکی کانگریس کی تازہ رپورٹ کے بموجب سال 2022 میں 65 ہزار 960 ہندوستانی باقاعدہ امریکی شہری بنے۔ میکسیکو کے بعد ہندوستانی دوسرا بڑا گروپ ہیں۔ سال 2022 میں امریکہ میں مقیم بیرونی نژاد افراد کی تعداد 46 ملین (4 کروڑ 60 لاکھ) تھی جو امریکہ کی 333 ملین (33 کروڑ 30 لاکھ) کی آبادی کا تقریباً 14 فیصد بنتی ہے۔ سال 2022 میں جملہ 9 لاکھ 68 ہزار 380 افراد کو امریکی شہریت ملی۔ سی آر ایس کے بموجب سال 2023 میں امریکہ میں بیرونی نژاد ہندوستانی امریکیوں کی تعداد 28 لاکھ 81 ہزار 330 تھی۔

'مہنگائی سے نجات کیلئے کانگریس کو ووٹ دیں' ملکارجن کھرگے اور راہل گاندھی کی اپیل

نئی دہلی، 22/اپریل۔ (ایجنسیز) کانگریس صدر ملکارجن کھرگے اور پارٹی لیڈر راہل گاندھی نے مہنگائی اور بے روزگاری سے آزادی اور تبدیلی کے لیے کانگریس کو ووٹ دینے کی اپیل کی ہے۔ مسٹر کھرگے نے کہا کہ مہنگائی نہیں تبدیلی کا انتخاب کریں۔ کانگریس کو ووٹ دیں۔ ہاتھ بدلے گا حالات۔ ملک میں بے روزگاری اور مہنگائی عروج پر ہے اور نریندر مودی کہتے ہیں کہ سب کچھ ٹھیک ہے۔ ان کے پاس 'مسائل سے بھٹکانے' کی نئی تکنیکیں ہیں، لیکن جھوٹ کے کاروبار کا انجام اب قریب ہے۔

غزہ پر اسرائیلی ظلم جاری، حاملہ خاتون شہید

غزہ، 22/اپریل۔ (ایجنسیز) غزہ پر اسرائیلی ظلم و بربریت کا سلسلہ جاری ہے، اسرائیل کے حملے کے نتیجے میں ایک خاتون شہید ہوگئی، جبکہ ڈاکٹروں نے نومولود بچی کی زندگی بچالی ہے۔ غیر ملکی ذرائع ابلاغ کے مطابق اسرائیلی فوج کی رفح میں دو مکانات پر بمباری سے 19 فلسطینی جام شہادت نوش کر گئے، جن میں ایک ہی خاندان کے 14 بچے بھی شامل ہیں۔ رپورٹس کے مطابق اس دوران ایک حاملہ خاتون نے بھی جام شہادت نوش کیا، تاہم ڈاکٹروں نے انکے پیٹ میں موجود بچی کو بچالیا۔ بچی کو انکیوبیٹر میں رکھا گیا ہے اور اسکی شناخت شہید سبرین کی بچی رکھی گئی ہے۔ اسرائیلی حملے میں نومولود بچی کی ماں کیساتھ اس کے والد، ایک بہن بھی شہید ہوئی ہے۔ اس سے قبل غزہ کے جنوبی شہر رفح میں ایک گھر پر اسرائیلی فضائی حملے میں 6 بچوں سمیت 10 افراد شہید ہوئے۔ اسپتال کے حکام نے بتایا کہ اسرائیل کی جانب سے محاصرہ شدہ فلسطینی علاقے میں تقریباً سات ماہ سے جاری جارحیت کا سلسلہ جاری ہے۔

اب جتیندر اوہاڑ کو بشنوئی گینگ کی دھمکی

ممبئی، 22/اپریل۔ (ایجنسیز) بالی ووڈ اداکار سلمان خان کے بعد بشنوئی گینگ نے پیر کے دن این سی پی شرد چندر پوار کے جنرل سکریٹری اور مہاراشٹرا کے سابق وزیر ڈاکٹر جتیندر اوہاڑ کو نشانہ بنایا۔ اوہاڑ کو آسٹریلیا سے ایک فون کال آئی۔ فون کرنے والے نے خود کو لارنس بشنوئی گینگ کا آدمی بتایا اور جبری وصولی کے طور پر بڑی رقم کی مانگ کی۔ اوہاڑ کے پرسنل موبائل نمبر پر دوپہر 1:30 بجے کے آس پاس فون کال پر خبردار کیا گیا کہ پیسہ نہ ملا تو تمہارا حشر سلمان خان جیسا ہوگا۔ اوہاڑ نے کہا کہ وہ تھانے پولیس کو اس سلسلہ میں لکھیں گے۔ بشنوئی گینگ نے این سی پی۔ ایس پی قائد کو یہ دھمکی سلمان خان کے اپارٹمنٹ کے باہر فائرنگ کے واقعہ کے 8 دن بعد دی۔